## سوال

(670) نماز میں بوقتِ تشہد انگلی ہلاتے رہنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

نماز میں بوقتِ تشہد انگلی ہلاتے رہنا کیا قرآن وحدیث سے ثابت ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

''سنن کبریٰ بیہقی'' (۱۳۲/۲) وغیرہ میں حدیث ہے :

'فَرَأَیْتُہٗ یُحَرِّکُہَا ، یَدعُوابِہَا ' السنن الکبرٰی للبیھقی ، بَابُ مَنْ رَوَی أَنَّہٗ أَشَارَبِہَا وَلَمْ یُحَرِّکُہَا ، رقم : ۲۷۸۷، سنن النسائی ، بَابُ قَبْضِ الثِّنْتَیْنِ مِنْ أَصَابِعِ الْیَدِ الْیُمْنَی ...الخ ، رقم : ۱۲۶۸"

یعنی ''میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو (دورانِ تشہد) دیکھا ، انگلی کو حرکت دیتے ہوئے ، اس کے ساتھ دعا کرتے ہوئے ۔'' لفظ 'یُحَرِّکُہَا ' کا تقاضا ہے ، کہ تشہد میں انگلی کو حرکت دیتے رہنا چاہیے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 573**

محدث فتویٰ